سوال

میں شادی شدہ لڑکی ہوں کچھ عرصہ سے مجھے وسوسوں نے آگھیرا ہے جس کی بنا پر مجھے کرنے میں مشکل درپش ہے حتی کہ میں وضوء کے اعضاء مسلسل نہیں دھو سکتی، تقریبا وضوء کرنے میں ڈیڑھ گھنٹہ صرف ہوجاتا ہے وہ اس طرح کہ میرے دل میں آتا ہے میں نے وضوء مکمل نہیں کیا، اوراسی طرح غسل جنابت کرنے میں بھی کئی کئی گھنٹے صرف ہوجاتے ہیں خیال آتا ہے کہ میں ابھی پاک نہیں ہوئی، بلکہ مجھے نفسیاتی ہاسپٹل میں بھی داخل کرایا گیا، آپ کی میرے لیے کیا نصیحت ہے ؟

جواب

ہمہ قسم کی حمد اللہ تعالی کے لیے، اوردورو وسلام ہوں اللہ کے رسول پر، بعدازاں :

اول :

آپ نفسیاتی امراض کے ہاسپٹل میں ڈاکٹروں کے پاس اپنا علاج جاری رکھیں، امید ہے کہ اللہ تعالی آپ کو شفایابی نصیب فرمائے، اوراس کے ساتھ ساتھ اللہ تعالی سے مدد مانگیں کہ اللہ تعالی آپ کو اس مرض سے نجات دے، اورجب آپ سونے کے لیے بستر پر لیٹیں تو آیۃ الکرسی اور صبح وشام تین بار درج ذیل دعائیں ضرور پڑھیں :

"بسم اللہ الذی لایضر مع اسمہ شیئ فی الارض ولافی السماء وھوالسمیع العلیم "

اس اللہ کے نام سے جس کے نام سے زمین وآسمان میں کوئی بھی چیز نقصان نہیں دیتی، اوروہ سننے والا جاننے والا ہے

"اعوذ بکلمات اللہ التامات من شر ما خلق "

اورسوتے وقت سورۃ اخلاص، سورۃ الفلق، اورسورۃ الناس پڑھ کراپنے آپ کو دم کریں، وہ اس طرح کہ تینوں سورتیں پڑھ کرہاتھوں میں پھونک ماریں اورجسم پرجہاں بھی ہاتھ جائے ہاتھ پھیریں، یہ تین بار کریں، اس کی دلیل بخاری شریف اورسنن اربعہ کی درج ذیل حدیث ہے :

عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا بیان کرتی ہیں کہ :

"جب رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہر رات بستر پر تشریف لاتے تواپنے دونوں ہاتھ اکٹھے کرکے "قل ھواللہ احد "اور "قل اعوذ برب الفلق "اور قل اعوذ برب الناس "پڑھتے اور ہاتھ میں پھونک کراپنے سر اورچہرے سے شروع کرکے جسم کے اگلے اورپچھلے حصہ پرجہاں بھی ہاتھ پہنچتا پھیرتے، اورایسا تین بار کرتے تھے "

اورآپ اللہ تعالی سے شفایابی کی دعاء کرتے ہوئے درج ذیل دعاء پڑھا کریں :

"اذھب الباس رب الناس واشف انت الشافی لاشفاء الاشفاء ک شفاء لایغادر سقما "

اے لوگوں کے رب میری تکلیف اوربیماری دور کردے، اورمجھے شفایابی سے نواز توہی شفادینے والا ہے، تیرے علاوہ کوئی شفایابی نہیں دیتا، اورمجھے ایسی شفایابی نصیب کرجو کوئی بیماری اورتکلیف نہ چھوڑے "

یہ دعاء تین بار پڑھیں، اوراس کے ساتھ بے قراری والی درج ذیل دعاء بھی پڑھا کریں :

"لا الہ الا اللہ العظیم الحلیم لا الہ الا اللہ رب العرش العظیم لا الہ الا اللہ رب السماوات ورب الارض ورب العرش الکریم "

اللہ کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں، وہ عظمت والا اور بردبار ہے، اللہ کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں وہ عرش عظیم کا رب ہے، اللہ کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں، جو آسمان وزمین اور عرش کریم کا رب ہے

اور جب آپ وضوء یا ماہواری اور یا غسل جنابت سے فارغ ہوں تو آپ اعتماد رکھیں کہ آپ پاک ہوگئی ہیں، اور وسوسوں کو چھوڑ دیں، ان کی طرف دھیان مت دیں، اور غسل خانہ میں زیادہ دیر نہ رہیں، کیونکہ یہ شیطان کی جانب سے ہے، ان شاء اللہ اس طرح یہ وسوسے آپ سے دور ہونگے

اسلام سوال وجواب

1174